سوال

(20) بغیر وضو قرآن کی تلاوت کرنا کیسا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضو کے بغیر قرآنِ مجید کی تلاوت کرسکتے ہیں یا نہیں ؟ جبکہ ایک حدیث میں آتا ہے ((لایمس القرآن اِلاطاھرا)) قرآن کو طاہر کے سوا کوئی نہ چھوئے '' قرآن وسنت کی روشنی میں وضاحت کریں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بے وضو قرآنِ مجید کی تلاوت کرسکتا ہے کیونکہ کوئی ایسی صریح اور صحیح حدیث یموجود نہیں ہے جس میں بے وضو آدمی کو قرآن مجید کی تلاوت سے روکا گیا ہواور قرآن مجید کی تلاوت کا حکم خود قرآن مجید میں ہے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہیں :

فَاقرَ‌ءوا ما تَيَسَّرَ‌ مِنَ القُر‌ءانِ... ٢٠ ...المزمل

''کہ جو قرآنِ مجید سے میسر ہو، پڑھو ۔ ''

اس میں یہ نہیں کہ وضو کے بغیر نہ پڑھو۔ جو حدیث آپ نے پش کی ہے یہ حدیث بمجموع طرقہ صحیح ہے کہ طاہر کے سوا قرآن مجید کو کوئی نہ چھوئے ۔ اس کی تفسیر بکاری شریف کی حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جمعات میں آجبۓ جن میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہم بھی تھے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مجلس سے نکل گئے ۔ جب مجلس میں واپس آئے تو سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (سبحان اللہ اِن المؤمن لاینجس) کہ مومن نجس نہیں ہوتا یعنی طاہر ہی رہتا ہے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ (اِلا طاہرا) سے مراد الا مومن ہے یعنی کافر قرآن مجید کو نہ چھوئے ، مومن چھو سکتا ہے خواہ وہ باوضو ہو یا بے وضو۔

صحیح بکاری شریف میں ہی ایک حدیث ہے جسے ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ۔ اس حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سوئے ہوئے تھے جب اُٹھے تو اپنی آنکھوں کو ہاتھ سے صاف کیا اور پھر :

((قراء العشر الآیات الخواتم من سورة آل عمران ثم قام اِلی شن معلقة فتوضأ منها فأحسن الوضوء ثم قام یصلی)) (صحیح بخاری مع الفتح ١/ ٣٤٣، ٣٤٤)

'' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ آل عمران کی آخری دس آیات کی تلاوت کی ۔ پھر لٹکائے ہو مشکیزہ کی طرف بڑھے اور وضو کیا اور نماز شروع کردی '' ۔

اس حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تلاوت کی اور وضو بعد میں کیا ۔ امام بخاریؒ نے اس حدیث پر باب قائم کیا ہے :

باب قراءۃ القرآن بعد الحدیث وغیرہ-

بے وضو ہونے کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کرنا۔

یہ بات تو مسلم ہے کہ نبی کریم بے وضو بھی ہوتے تھے اور مسلم شریف کی صحیح حدیث میں ہے کہ :

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکراللہ عای کل أحیانہ))

''کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرتے تھے''۔

اوراللہ کے ذکرمیں قرآن مجید بھی داخل ہے۔ ان دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت کیلیئے باوضو ہونا لازمی نہیں ہے۔

اس کا مطلب یہ بھی نہ سمجھ لیا جائے کہ آدمی اپنی عادت ہی بنالے کہ میں نے تلاوت ہی بے وضو ہونے کی حالت میں کرنی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ باوضو ہر کرکے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

آپ کے مسائل اوران کا حل

ج1

محدث فتویٰ